SCAN TO VERIFY
LAW DEPARTMENT
GOVERNMENT OF SINDH
www.sindhlaws.gov.pk

سندھ آرڈیننس نمبر VI مجریہ ۱۹۹۹

SINDH ORDINANCE NO.VI OF 1999

سندھ پبلک سروس کمیشن (ترمیم) آرڈیننس، ۱۹۹۹

THE SINDH PUBLIC SERVICE COMMISSION (AMENDMENT) ORDINANCE, 1999

(CONTENTS) فہرست

تمہید (Preamble)
دفعات (Sections)
۱۔ مختصر عنوان اور شروعات
Short title and commencement
۲۔ ۱۹۸۹ کے سندھ ایکٹ XI کے کچھ دفعات کی ترمیم
Amendment of certain sections of Sindh Act XI of 1989
۳۔ ۱۹۸۹ کے سندھ ایکٹ XI میں دفعہ 5-B کا اضافہ
Addition of section 5-B in Act XI of 1989

سندھ آرڈیننس نمبر VI مجریہ ۱۹۹۹

SINDH ORDINANCE NO.VI OF 1999

سندھ پبلک سروس کمیشن (ترمیم) آرڈیننس، ۱۹۹۹

THE SINDH PUBLIC SERVICE COMMISSION (AMENDMENT) ORDINANCE, 1999

[۲۷ مارچ ۱۹۹۹]

تمہید (Preamble)

آرڈیننس جس کی توسط سے سندھ پبلک سروس کمیشن ایکٹ، ۱۹۸۹ میں ترمیم کی جائے گی۔

جیسا کہ سندھ پبلک سروس کمیشن ایکٹ، ۱۹۸۹ میں ترمیم کرنا مقصود ہے، جو اس طرح ہوگی؛

اور جیسا کہ سندھ اسیمبلی کا سیشن جاری نہیں ہے اور سندھ کا گورنر مطلمئن ہے کے موجودہ صورتحال میں ہنگامی قدم اٹھانا ضروری ہے؛

اب اس لیئے، اسلامی جمہوریہ پاکستان کے آئین کے آرٹیکل ۱۲۸ کی شق (۱) کے تحت ملے ہوئے اختیارات کے تحت سندھ کے گورنر نے مندرجہ ذیل آرڈیننس بنا کر نافذ کرنا فرمایا ہے:

مختصر عنوان اور شروعات
Short title and commencement

۱۔ (۱) اس آرڈیننس کوسندھ پبلک سروس کمیشن (ترمیم) آرڈیننس، ۱۹۹۹ کہا جائے گا۔

(۲)یہ فی الفور نافذ ہوگا۔

۱۹۸۹ کے سندھ ایکٹ XI کے کچھ دفعات کی ترمیم
Amendment of certain sections

۲۔ سندھ پبلک سروس کمیشن ایکٹ، ۱۹۸۹ میں، جس کو اس کے بعد بھی مذکورہ ایکٹ کہا جائے گا، اس کی دفعہ ۳ میں، دفعہ ۴ میں، دفعہ ۵ کی ذیلی دفعہ

of Sindh Act XI of 1989	(۱) میں اور دفعہ ۹ میں، لفظ "حکومت" کو لفظ "گورنر" سے متبادل بنایا جائے گا۔
۱۹۸۹ کے سندھ ایکٹ XI میں دفعہ 5-B کا اضافہ Addition of section 5-B in Act XI of 1989	۳۔ مذکورہ ایکٹ میں دفعہ 5-A کے بعد، مندرجہ ذیل نئی دفعہ شامل کی جائے گی: **(اعزازی میمبروں کی مقرری)** "5-B- (۱) جب تک کچھ اس ایکٹ کے متضاد نہ ہو، گورنر ایسے عرصہ کے لیئے اعزازی میمبر مقرر کر سکتا ہے، جو نوے دن سے زائد نہ ہو، ایسے اعزازی معاوضے پر جیسے گورنر طے کرے۔ (۲)اعزازی میمبر اس ایکٹ کے تحت ملے کاموں کے تحت کمیشن سے تعاون کرے گا۔ (۳) اعزازی میمبر، جب تک پہلے ہٹایا نہ جائے، گورنر کے خط کے ذریعے عہدے سے استعیفیٰ دے سکتا ہے۔ ۴۔ مذکورہ ایکٹ کی دفعہ ٦ میں: (a) ذیلی دفعہ (۱) اور (۲) میں، لفظ "حکومت" کے لیئے لفظ "گورنر" کو متبادل بنایا جائے گا۔ (b) وضاحت میں، پہلی مرتبہ آنے والے لفظ "حکومت" کے لیئے لفظ "گورنر" کو متبادل بنایا جائے گا۔ **نوٹ: آرڈیننس کا مذکورہ ترجمہ عام افراد کی واقفیت کے لیئے ہے، جو کورٹ میں استعمال نہیں کیا جا سکتا۔**